23 مارچ 2020ء کی صبح سے قبل شائع نشر یا ٹیلی کاسٹ نہ کیا جائے

پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ
حکومت پاکستان

نمبر03-1403

صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان ڈاکٹر عارف علوی کا 23 مارچ 2020ء یوم پاکستان کے موقع پر پیغام

اسلام آباد، 20/ مارچ 2020ء

23 مارچ ہماری قوم کی تاریخ کا ایک اہم سنگ میل ہے۔ 1940ء کا یہ وہ دن تھا جب لاہور کی تاریخی قرارداد پاس کی گئی جس نے مسلمانوں کو متحد کیا کہ وہ ایک بڑے مقصد کے لئے اجتماعی طور پر اپنے لئے الگ وطن بنانے کیلئے اٹل عزم کا اظہار کریں گے اور اپنے مذہب، روایات، اقدار اور ثقافت کے مطابق اپنی زندگی گزار سکتے ہیں۔ آج ہم قائداعظم محمد علی جناحؒ، شاعرِ مشرق ڈاکٹر علامہ محمد اقبالؒ اور تحریک آزادی کے دوسرے تمام عظیم قائدین جنہوں نے قیام پاکستان کے لئے راہ ہموار کی کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔

آج ہم مقبوضہ جموں کشمیر کے عوام کے ساتھ بھی غیر متزلزل حمایت کا اظہار کرتے ہیں جنہیں غیر انسانی لاک ڈاؤن اور مواصلاتی ناکہ بندی کے ذریعے نشانہ بنایا گیا ہے، سات ماہ سے زائد ناکہ بندی میں جموں و کشمیر کے عوام کو یقین دلاتا ہوں کہ پاکستان ان کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر کھڑا ہوگا اور اپنی سیاسی اور سفارتی حمایت ان کے حق خودارادیت کے لئے جاری رکھے گا۔ میرے عزیز ہم وطنوں ان دنوں دنیا کو کورونا وائرس کی شدید وباء کا سامنا ہے، بہت کم ہی کسی آفت کا دنیا بھر میں اثر پڑتا ہے آج اقوام عالم مشکل وقت سے گزر رہی ہیں لیکن وہ متحد ہو کر اس مشکل وقت کا مقابلہ کر رہی ہیں۔ ہم پاکستانیوں کو بھی اس وبائی مرض کا مقابلہ کرنے کے لئے متحد ہونے کی ضرورت ہے۔ معاشرے کے تمام طبقات بشمول علمائے کرام، میڈیا اور سیاسی رہنماؤں کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کو اس وائرس سے بچاؤ کے اقدامات کے بارے میں آگاہی دینے کے لئے مناسب کردار ادا کریں۔ ڈاکٹرز اور صحت کارکنان اس بحران میں دفاع کی اولین صف میں شامل ہیں اور قوم انہیں ان کی بے لوث کوششوں پر سلام پیش کرتی ہے۔ ہم اپنی لاء انفورسمنٹ ایجنسیوں کو ان کی انتھک خدمات پر سراہتے ہیں۔ اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ وہ ہمیں چیلنجز پر قابو پانے کی توفیق عطا فرمائے۔ آیئے ہم اس عزم کا اظہار کریں کہ اپنے آباؤاجداد کی جانب سے ملنے والے ورثہ اور ان کے نقش قدم پر چلتے ہوئے ملک پاکستان کو امن، ترقی اور استحکام کا گہوارہ بنائیں۔ پاکستان پائندہ آباد!

23 مارچ 2020ء کی صبح سے قبل شائع نشر یا ٹیلی کاسٹ نہ کیا جائے